LAS
LEGAL AID SOCIETY

پروبیشن کیا ہے؟

- پروبیشن ”دی پروبیشن آف رینڈرس آرڈیننس 1960ء“ کے تحت چلایا جاتا ہے۔
- یہ چھوٹے جرائم میں سزایافتہ مجرموں جن کی سزا کی مدت 2 سال سے کم ہو، کو حاصل ہوتی ہے۔
- پروبیشن کا فیصلہ ملزم کی قید سے پہلے کیا جاتا ہے۔
- یہ پہلی مرتبہ جرم کا ارتکاب کرنے والوں کے لیے مشروط رہائی ہے۔
- پروبیشن پر چھوڑنے کے لیے عدالت مندرجہ ذیل عوامل کو مدِ نظر رکھتی ہے۔

1. عمر
2. اخلاق
3. تاریخ
4. ذہنی اور جسمانی حالت

- عدالت جرم ہونے کے حالات اور واقعات کو بھی نظر میں رکھے گی۔
- اگر عدالت پروبیشن دینا چاہے تو عدالت :

1. تحریری طور پر دے گی یا
2. ملزم کو حکم دے گی کہ وہ وعدہ کرے کہ ایک سال تک کوئی جرم اس سے سرزد نہیں ہوگا اور وہ بہتر رویہ اختیار کرے گا۔

- اگر ملزم پروبیشن کے عرصے کے دوران کوئی نیا جرم کرتا ہے تو اسے اس نئے جرم کے ساتھ ساتھ پہلے کیے ہوئے جرم کی بھی سزا دی جائے گی۔